12/01/2026

12.25 PM

Signature Tu ne

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

وزیر اعظم

ملک میں آج سوامی وویکانند کے یوم پیدائش کے موقعے پر نوجوانوں کا قومی دن منایاجا رہا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے سوامی وویکا نند کو خراج پیش کرتے ہوئے کہاہے کہ اُن کی تعلیمات آج بھی ملک کے نوجوانوں کو تحریک بخشتی ہے ۔ اس موقعے پر وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلی میں"وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026"کے اختتامی جلسے میں شرکت کریں گے۔وہ بیرونی ممالک میں بھارتی آبادی کی نمائندگی کرنے والے نوجوان مندوبین کے ساتھ ساتھ بھارت کے تقریباً3ہزار نوجوانوںسے بات چیت کریں گے۔

اس دوران وزیراعظم" وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026"کیلئے مرتب کئے گئے مضامین کااجرا کریں گے۔

ایل جی خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سوامی وویکا نندکے یوم پیدائش پر انہیں خراج پیش کیا۔ایل جی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ سوامی وویکا نند جی نے پوری دنیا کو قدیم بھارت کے علوم اور تعلیمات سے روشن کیا۔

انہوں نے قومی نوجوانوں کے دن پر تمام نوجوانوںکو سوامی وویکا نند کی تعلیمات سے تحریک حاصل کرنے کی تاکید کی تاکہ ملک کو خود انحصار بنا کروکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکے ۔

ایل جی ملاقات

نے لوک بھون جمونمیں لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ Rajiv Chunni انٹر نیشنل تنظیم کے چیر مینSOS ملاقات کرکے پاکستان کے زیر قبضہ جموں کشمیرمیں مہاجرین کو در پیش فلاح و بہود سے

متعلق اہم مسائل اجا گر کئے ۔ ان کے ہمراہ ڈانگری راجوری کے سابق سرپنچ دیر ج شرما بھی موجود تھے ۔

دریں اثنا مشروم گرورس کے ایک وفد نے امن شرما کی قیادت میں لیفٹننٹ گورنرکے ساتھ ملاقات کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے دستکار خطے کے تاریخی ورثے اورروایتی فنون کے حقیقی محافظ ہیں۔ انہوں نے ان باتوں کا اظہارسرینگر میں ہینڈی کرافٹس اورہینڈ لوم محکمے کے سال2026کے کلینڈر کی رسم اجرائی سے متعلق ایک تقریب کے دوران کی ۔

وزیر اعلیٰ نے کہاکہ یہ کلینڈر واد ی کی دستکاری اوردستکاروں کے ہنر نیز اِس فن کے تئیں ان کی تن دہی اور لگن کو شاندار طریقے پر سمیٹتا ہے۔انہوں نے کہاکہ دستکاروں کے ہاتھوں صدیوں پرانے فن کو آج بھی فروغ مل رہا ہے ۔

ستیش شرما

امور نوجوان اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں انفارمیشن ٹیکنالوجی خدمات ، سٹارٹ اپس، دستکاری اور زراعت سے متعلق کار خانہ داری کے شعبوں میں بیش بہا امکانات موجود ہیں۔

انہوں نے کل ان باتوں کا اظہار نئی دلی کے بھارت منڈپم میں جاری وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ کی ایک تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔انہوننے کہاکہ یہ پروگرام نوجوانوں کو اپنے اختراعی خیالات ایک دوسرے کے ساتھ بانٹنے کا موقعہ فراہم کرتا ہے ۔

سیاحت

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی سیرکی جانب راغب کرنے کیلئے وسیع پیمانے کی تشہیری مہم چلانے کے ساتھ ساتھ جگہ جگہ پر روڈ شوز کا بھی انعقاد کر رہا ہے۔ اس

تعلق سے محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ریلیف

ضلع کپواڑہ کے کرناہ تحصیل کے کنڈی گاؤں میں آگ کے متاثرین کو ضلع انتظامیہ کپواڑہ کی طرف سے فوری راحت فراہم کی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے مقامی افسران کے ساتھ واردات کی جگہ کا دورہ کرکے متاثرین کو انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے -

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

ACB - جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام

....

....